ISSUE 30 APR-JUN 2021

# PULSE
NEWSLETTER




YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE

PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE
PMEX

## Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)

is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company limited, ZaraiTaraqiati Bank limited and Pak Kuwait Investment Company limited.

The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services, i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design by: d.Studio
Printer: Appletree Graphics

# CONTENTS

01 PMEX to Broaden Retail Investors' Base

02 PMEX Reinstates Two-Factor Authentication

03 PMEX Hosts Webinar Series on GCTP

04 PMEX Conducts Regulatory Awareness Session for Brokers

05 Finteza: A Marketing Analytics Solution for Commodity Futures Brokers

06 Investor Education

07 PMEX Makes Vaccination Mandatory for its Employees

08 Circulars and Notifications

09 Top Ten Brokers

10 PMEX Highlights

11 Price Trend of Commodities

## Pakistan Mercantile Exchange Limited

**Head Office:** 3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road, Gizri, Karachi – 75600, Pakistan.
UAN: (+92-21) 111-623-623
Fax: (+92-21) 35155-022
Email: info@pmex.com.pk

**Islamabad Office:** Office No. G-9(B), ISE Towers, Jinnah Avenue
Blue Area, Islamabad. Tel: (+92-51) 2894003-4

**Lahore Office:** Office # 01, P2 Floor Ali Tower, 105- B2,
M.M. Alam Road Gulberg 3, Lahore. Tel: (+92-42) 35752825-6

**Customer Support Services**
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

# PMEX to Broaden Retail Investors' Base

It is the vision of the Exchange to make PMEX a household name in Pakistan. In line with this objective, the Exchange relentlessly strives to build a vibrant and resilient commodity futures market that can cater to the needs of a diversified investor base, comprising of both retail and institutional investors. The Exchange is fully cognizant that breadth and depth of retail participation contribute to both market liquidity and resilience. Therefore, it has embarked upon an endeavor to increase the presence and direct participation of retail investors in the commodity market.



To achieve the goal, PMEX is working on a multi-pronged strategy which comprises of:
1) Introducing Investor-Friendly Products,
2) Introducing Online Account Opening
3) Introducing Digital Payment Platform
4) Creating Awareness and
5) Ensuring PMEX brokers' presence on a pan-Pakistan basis.

## Introducing Investor-Friendly Products

As an ongoing pursuit, PMEX has increased market depth as well as created new opportunities for the market participants. Over the years, the Exchange has diversified its product suite by listing various commodities under metals, energy, indices, currencies and agriculture categories, which are being traded actively at leading exchanges around the world along with the local commodities. This has boosted the confidence of market participants and encouraged them to actively trade at the Exchange.

To further broaden the investor's base, with a special focus on developing retail clientele, PMEX is actively working on diversifying its product suite by listing the products most sought after by the retail investors.

Furthermore, the Exchange will develop the systems and procedures in a manner so that retail investors can invest with utmost ease and convenience.

At present, the Exchange is working to bring the trading of physical gold at its platform with easy-to-understand terms and conditions and help the investors to convert gold into a financial asset. In parallel, PMEX is also working on introducing Treasury Bills (T-Bills). Investments in government securities such as T-Bills are one of the safest investment options available to retail investors as these are risk-free, highly liquid instruments and accepted as collaterals as well.

The Exchange is confident that by offering trading opportunities in physical gold and T-Bills, commodity brokers will be able to cater to the needs of a wider market segment. Moreover, investors will get the opportunity to diversify their investment portfolios.

## Introducing Online Account Opening

The Exchange is fully cognizant that digitalization can greatly reduce the barrier of entry for retail investors. Therefore, PMEX is focusing on streamlining the account opening experience for investors through the digital customer onboarding. The Exchange is working in collaboration with National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) to introduce Online Account Opening. This facility will allow the investors to open their accounts conveniently from

anywhere in the country and without submitting any documents physically or visiting office of the brokers in person.

The new online account opening will provide a secure, fast and seamless customer experience that will boost the confidence of the retail investors, encourage the use of technology and foster financial inclusion. It is expected that this initiative would revolutionize trading of the commodity futures in Pakistan and contribute significantly towards the economic growth of the country.

## Introducing Digital Payment Platform

At present, the Exchange, under the Direct Funds Model (DFM), directly collect funds from clients as well as transfer funds to the bank account of clients without involvement of broker(s). The DFM empowers the clients to get complete control of their assets at all times and restricts the role of brokers primarily to servicing the existing clients and soliciting new businesses. However, the DFM is not fully automated at the moment due to which funds collection and withdrawal become time-consuming and cumbersome at times.

To streamline the DFM for providing a fast, frictionless customer experience for funds deposit and withdrawal, the Exchange, in collaboration with Cloudasset, has set up a unified digital transaction platform. This platform will enable digital payments, which will help the market participants in settling transactions in real-time and tracking credit and debit flows with end-to-end transparency and convenience. The integration of the digital transaction platform with DFM has been completed and the platform will be rolled out shortly.

## Creating Awareness about Commodity Futures Trading

The Exchange is involved in creating awareness about commodity futures trading at a regulated platform both independently and in collaboration with market regulator and brokers. The Exchange regularly conducts seminars, workshops, and webinars for organizations, educational institutes and trade bodies across the country.

## Ensuring PMEX Broker Presence on a Pan-Pakistan Basis

To achieve the objective of increasing retail investor base, PMEX intends to increase its brokers' presence on pan-Pakistan basis. In this regard, PMEX is encouraging the brokers to build partnerships to introduce new clients using the online account opening facility. It will help the Exchange in expanding its broker presence across the country and extending its outreach to cater to the needs of a diversified investors' base.

# PMEX Reinstates Two-Factor Authentication

At PMEX, keeping brokers and their clients safe online is a top priority. Therefore, the Exchange continuously invests in new security tools and features to keep the personal information of brokers and their clients safe, including passwords.

To strengthen user account security, PMEX enabled Two-Factor Authentication (2FA) on the Back Office application with effect from Monday, June 28, 2021. 2FA is one of the simplest and most effective security features. It adds an additional layer of security to the login process.  Enabling 2FA on PMEX Back Office application protects user account against unauthorized access by double checking user identity, requiring both a traditional username/password combination and a second authentication factor, such as a one-time password (OTP), sent via email and SMS.

# PMEX Hosts Webinar Series on GCTP

PMEX announced to host webinar series over the next three months to educate the commodity producers and sellers about upcoming Global Commodity Trading Platform (GCTP). This series aims at creating awareness about using an e-commerce platform for selling indigenous commodities to the overseas buyers.

The first webinar was conducted on July 27, 2021 featuring a detailed presentation on GCTP followed by a Q&A session. A large number of commodity sellers and producers attended the webinar and actively participated in the discussion.

The participants were informed that GCTP is a wholly-owned subsidiary of PMEX, which is a national institution and the only futures exchange of the country. GCTP will offer an e-commerce platform for buying and selling commodities. This digital platform will allow the Pakistani commodity sellers to sell their commodities to global buyers electronically and facilitate an end-to-end trade process through one-window solution. It will take care of buyers/sellers trading agreements, quality certifications, customs inspection and clearance, marine insurances, worldwide delivery and provide a fully integrated payment solution for the convenience of its customers.

For the first time in Pakistan, GCTP will offer an opportunity to the sellers to sell their commodities globally and get prompt payment without being registered as exporters. Also, the sellers will not have to prepare export-related documents, which will be handled by GCTP on their behalf. Moreover, by listing commodities at GCTP, the sellers will be able to sell their products in new markets and attract buyers from all over the world.

Moreover, to make trading of commodities a rewarding experience for sellers, GCTP will offer a privilege club program. This program will offer a range of exclusive privileges and benefits in five different membership tiers based on the seller's transactional behavior. The higher the membership tier, the more benefits sellers will enjoy.

At GCTP, a universe of commodities, including both agriculture and non-agriculture, will be available for trading. These commodities will be introduced phase-wise. In the first phase, rice, guar gum, pink salt, dates, mango, peach and guava pulp, marble, gypsum, iron ore, barite and magnesite are being targeted for trading.

GCTP is a unique concept in the history of Pakistan. With digitalization at its heart, this concept will enhance and simplify the experience of exporting commodities. GCTP will develop a new community of commodity sellers, within Pakistan, to embrace a digital model for selling commodities to overseas buyers. It will enable these communities to go online, interact with its e-commerce platform, harness the power of online sales and reach new buyers from all around the world.



# PMEX Conducts Regulatory Awareness Session for Brokers

PMEX conducted a regulatory awareness session on Thursday, May 27, 2021 for its brokers. An hour-long, online session aimed at providing understanding about the key regulatory compliance requirements of Futures Brokers (Licensing and Operations) Regulations, 2018 for effective implementation of the regulations. Mr. Tariq Sabih, Senior Manager - Regulatory Affairs, briefed the attendees about PMEX regulatory framework, licensing requirements & conduct of Commodity Futures brokers along with accounting and audit. The session was followed by a Q&A session.

# Finteza: A Marketing Analytics Solution for Commodity Futures Brokers

To provide market participants with an enhanced trading experience that is at par with the global standards, PMEX successfully switched its entire trading system to MetaTrader 5 (MT5), a globally acclaimed multi-functional trading platform.

With MT5, comes the facility of Finteza, which is an advanced, easy to use and comprehensive marketing data analytics service for Commodity Futures brokers. The service registers any user activity, from the first website visit to an account deposit or withdrawal. PMEX Brokers can explore Finteza and analyze how much money they spend on acquiring or encouraging the client and optimize their advertising budgets.

Brokers can use Finteza for the following:

**Website:** PMEX Brokers can link Finteza to their websites and within a minute they can start receiving real-time information regarding their website visitors.

Finteza for website consists of two parts — the analytical service and the advertising engine. Analytics assists brokers in collecting information about their website — user behavior, traffic quality, weak spots and inefficient advertising channels. In turn, the advertising engine allows brokers to manage online campaigns, create banners and set targeted ads from a single interface.

**Metatrader 5:** PMEX Brokers can also integrate Finteza with MetaTrader 5 terminal. This integration enables in generating end-to-end trader analytics. This helps PMEX brokers in tracing trader's behavior, from the first website visit to the deposit. Brokers can track where their clients come from, which accounts they opened and how much money they deposited. Based on the actual statistics on customer attraction channels, brokers can optimize their marketing budgets by disabling inefficient traffic sources and advertising channels.

Following are the advantages of Finteza for PMEX brokers:

### 1. End-to-end analytics

With Finteza brokers can track user path from the first website visit to the real account opening and to the first deposit. Brokers can track where traders come from, their actions in the terminals and what deposits they make.

### 2. Effective advertising

Finteza assists brokers in spotting unprofitable advertisement channels and in optimizing campaigns. Thus, brokers can save up to 80% of their marketing budget without compromising efficiency.

### 3. Find problem areas

To ensure the best customer experience, brokers can optimize their website and rectify its weaknesses. Finteza provides diagrams showing website loading time, traffic volumes, bounce rates, as well as how much time visitors spend on their site and other useful information.

### 4. Unique customer information

Finteza shows whether website visitor is a trader, as well as his/her experience and trading habits. Brokers can study the behavior of profitable clients to understand how to boost conversion rates and increase profits. Based on the extended user information, brokers can optimize their efforts to engage high-potential clients.

### 5. Retarget traders

With Finteza, brokers can start generating profit when a visitor turns into a trader. Brokers can encourage leads to go through the sales funnel faster: remind users of abandoned registrations or targeted promotions. This will save money and increase returns for the brokers.

# Investor Education

The commodity futures market in Pakistan has witnessed rapid growth since 2007. Over the years, there have been regulatory, structural and operational changes in the commodity futures market. The objective of these changes is to bring efficiency, enhance transparency, prevent unfair trade practices and align Pakistan's commodity futures market with international best practices.

To achieve the above objective, PMEX, a Self-Regulatory Organization (SRO), prescribes guidelines for its Brokers and their Clients from time to time. In this issue, we have featured guidelines for the commodity futures brokers.

**Guidelines for Commodity Futures Brokers**

**DO'S**

1. Always enter/maintain true and correct registration details of clients on Exchange Trading System, and do not change any detail without prior approval of the client
2. Issue confirmations for trades executed on behalf of clients within 24 hours and obtain acknowledgment thereof
3. Ensure that all requisite signed documents have been received from clients including Account Opening Form and Risk Disclosure Document
4. Ensure that Know Your Customer and Customer Due Diligence is being conducted properly in compliance with anti-money laundering laws and the regulations/guidelines
5. Ensure that the information contained in the Account Opening Form is updated, complete and correct at all times
6. Ensure that all telephonic orders and orders received from clients in person are adequately recorded and preserved
7. Maintain proper records of registered offices, authorized persons, branches and clients
8. Ensure that investor grievance redressal mechanism is in place at all dealing locations such as head office and branches
9. Ensure that all authorized persons and branches are registered with the Exchange
10. Ensure that a list of commodity futures contracts that are permitted & traded at the Exchange has been prominently displayed at the head/branch offices
11. Ensure that the authorized persons/branches are following and complying with all the relevant provisions of the rules, regulations, circulars or directives issued by the Exchange and Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP)
12. Ensure that name of broker, registration number and certificate of registration of authorized person along with terms and conditions of branch dealing has been displayed at the registered branches
13. Always include the disclaimer specified by the Exchange while making any advertisement
14. Ensure that advertisement made by the branch/authorized person should have the approval of the broker
15. Notify change of the authorized person to the Exchange at least 15 days before the change
16. Conduct periodic inspection of the authorized persons/branches
17. Upon noticing any irregularities in the branch operations, immediately correct or deregister the authorized person or branch
18. Be vigilant about any fraudulent activity of employees and authorized persons
19. Approach PMEX in case of any clarification required on compliance related issues

## DON'TS

1. Do not maintain anonymous accounts or accounts that are opened or maintained in the name of fictitious persons
2. Do not alter or change terms and conditions of Standardized Account Opening Form (SAOF). Any additional terms and conditions shall not contradict with the terms and conditions of SAOF.
3. Do not obtain any blank document or blank cheque from client
4. Do not enter any wrong, contradictory or incomplete information on Exchange Trading System
5. Do not attract clients by alluring advertisements, rumors, hot tips or the promise of assured returns/fixed profit
6. Do not execute discretionary trades on behalf of clients in any manner
7. Do not obtain or use client's personal id and password
8. Do not raise deposits from public/investors against fixed or guaranteed return on deposits as these activities are illegal and tantamount to defrauding the public

# PMEX Makes Vaccination Mandatory for its Employees

The outbreak of Coronavirus disease (Covid-19) has exerted extraordinary pressure on all parts of society — from families in the world to large and small companies. Amid this crisis, Pakistan could not be an exception. At present, Pakistan is experiencing the fourth wave of Covid-19.




In present circumstances, vaccination is the only viable way to combat this global health crisis. Those who are not vaccinated are seven times more likely to catch the virus than those inoculated.

PMEX fully understands the importance of vaccination and strongly believes that a vaccinated workforce will not only put less stress on the public health systems, but also facilitate in resuming economic activity much faster. In line with this ethos, the Exchange fully supported the government's rapid effort to vaccinate all eligible population by making vaccination mandatory for all its employees with a deadline of July 01, 2021. At present, all PMEX employees have been administered vaccination under the Government's free vaccination drive.

The Exchange remains committed to ensuring strict compliance of COVID-19 protocols at head office and branch offices to minimize the spread of the epidemic.

# Circulars and Notifications

## April 07 2021

All market participants were informed that the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) has cancelled the futures broker license of M/s ACM Gold (Pvt.) Limited (AGPL) due to various regulatory non-compliances. Consequent to that the trading rights of AGPL were suspended with immediate effect.

## April 08 2021

All PMEX Trading Right Entitled Certificate (TREC) Holders were informed that PMEX Board of Directors has decided to reduce the amount of Annual Fee for the year 2021 to PKR 75,000 for all the TREC Holders who clear all outstanding due by May 31, 2021.

## April 12 2021

All market participants were informed that the trading rights of M/s ACM Gold (Pvt.) Limited have been restored with immediate effect in compliance with the Order passed by the Honourable High Court of Sindh.

## May 20 2021

The Regulatory Affairs Department of PMEX announced holding of an online regulatory awareness session on May 27, 2021. All the brokers were advised to register latest by May 26, 2021 to attend this session.

## June 10 2021

All brokers were informed that MT5 Broker Terminal (Manager Application) and Client Terminal would be connected through a new IP address with effect from Monday, June 14, 2021. They were also informed that all other IPs will remain unchanged in the Client Terminal.

## June 14 2021

All market participants were informed that the trading rights of Ms. Vantage Commodities (Pvt.) Limited have been suspended with immediate effect due to violation of various provisions of PMEX Rule Book.

## June 22 2021

All brokers were informed that PMEX would enable Two-Factor Authentication (OTP – One Time Password) on Back Office application to strengthen user account security with effect from Monday, June 28, 2021. All Brokers and their clients were advised to ensure that their active email address and mobile number are up-to-date in the Back Office to receive OTP.

---

To learn more about the aforementioned circulars & notifications, log onto **www.pmex.com.pk.**



# TOP TEN BROKERS

**April – June 2021**

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Blink Capital Management (Pvt.) Limited |
| 3 | Enrichers (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 4 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | Vantage Commodities (Pvt.) Limited | Royal Securities (Pvt.) Limited |
| 6 | BIPL Securities Limited | Khawaja Securities (Pvt.) Limited |
| 7 | Trust Securities Brokerage Limited | Vantage Commodities (Pvt.) Limited |
| 8 | Mohammad Munir Mohammad Ahmed Khanani Securities (Pvt.) Limited | Trust Securities Brokerage Limited |
| 9 | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited | Jahanzaib Commodities (Pvt.) Limited |
| 10 | Zahid Latif Khan Securities (Pvt.) Limited | BIPL Securities Limited |

Total contracts traded

**798,549**

Total Rupee Value Traded

**812.272** billion


Number of active Brokers

**42**


# PMEX Highlights

# پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں


## PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE in PKR Billions





## TRADED VOLUME




## VOLUME OF 14 MAJOR COMMODITIES in PKR Billions




## NEW UNIs



# دس سرفہرست بروکرز

اپریل۔جون 2021ء

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایچ جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بلنک کیپٹل منیجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | بلنک کیپٹل منیجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | ونٹیج کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | رائل سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۶ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ | خواجہ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | ٹرسٹ سیکیورٹیز بروکریج لمیٹڈ | ونٹیج کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | محمد منیر محمد احمد خانانی سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ٹرسٹ سیکیورٹیز بروکریج لمیٹڈ |
| ۹ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | زاہد لطیف خان سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ |



کل تجارتی معاہدے

**798,549**

کل تجارتی رقم

**812.272**

بلین روپے

ایکٹیو بروکرز کی تعداد

**42**

## سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز



### 07 اپریل 2021ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اے سی ایم گولڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ (اے جی پی ایل) کا فیوچرز بروکریج کا لائسنس مختلف ریگولیشنز پر عدم درآمد کی وجہ سے منسوخ کر دیا ہے۔ اس کے نتیجہ میں اے جی پی ایل کے ٹریڈنگ رائٹس فوری طور پر معطل کر دیئے گئے ہیں۔

### 08 اپریل 2021ء
پی ایم ای ایکس کے تمام ٹریڈنگ رائٹس سرٹیفکیٹ کے حامل (ٹی آر ای سی) کو اطلاع دی کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سالانہ فیس برائے سال 2021 کم کر کے 75,000 روپے کر دی ہے۔ اس کا فائدہ ان ٹی آر ای سی ہولڈرز کو ہوگا جو 31 مئی 2021 تک اپنی تمام واجب الادا رقومات ادا کر دیں گے۔

### 12 اپریل 2021ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ سندھ ہائی کورٹ کے فیصلہ کے بعد اے سی ایم گولڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ٹریڈنگ رائٹس فوری طور پر بحال کر دیئے گئے ہیں۔

### 20 مئی 2021ء
پی ایم ای ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈیپارٹمنٹ نے اعلان کیا کہ ایک آن لائن آگاہی سیشن 27 مئی 2021 کو منعقد کیا جا رہا ہے۔ تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے آپ کو 26 مئی 2021 تک رجسٹر کرا لیں اور اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

### 10 جون 2021ء
تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ پیر 14 جون 2021 سے ایم ٹی 5 کے تحت چلنے والے بروکر ٹرمینل (مینیجر ایپلیکیشن) اور کلائنٹ ٹرمینل کو ایک نئے آئی پی کے ذریعے چلایا جائے گا۔ ان کو یہ بھی اطلاع دی گئی کہ کلائنٹ ٹرمینل کی باقی آئی پیز میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

### 14 جون 2021ء
مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ پی ایم ای ایکس رول بک میں درج مختلف ریگولیشنز پر عدم درآمد کی وجہ سے ونٹیج کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ٹریڈنگ رائٹس فوری طور پر معطل کر دیئے گئے ہیں۔

### 22 جون 2021ء
تمام بروکرز کو مطلع کیا گیا کہ پی ایم ای ایکس نے دو مراحل پر مشتمل تصدیقی نظام متعارف کرا دیا ہے۔ اس کا مقصد یوزر اکاؤنٹ کی سیکیورٹی کو مزید بہتر بنانا ہے۔ اس پر عمل درآمد 28 جون سے شروع ہوگا۔ تمام بروکرز اور ان کے کلائنٹس کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنا ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر بیک آفس میں درج کر دیں، تا کہ ان کو ون ٹائم پاس ورڈ (او پی ٹی) بروقت موصول ہو سکے۔

## گریز کریں

۱۔ بے نامی اکاؤنٹس یا جعلی اشخاص کے نام پر کھولے گئے اکاؤنٹس کو برقرار نہ رکھیں۔

۲۔ اسٹینڈرڈائزڈ اکاؤنٹ اوپننگ فارم (ایس اے او ایف) کی شرائط وضوابط میں کوئی ردوبدل یا تبدیلی نہ کریں۔ کوئی بھی اضافی شرائط وضوابط ایس اے اوایف کی شرائط وضوابط سے متصادم نہ ہوں۔

۳۔ کلائنٹس سے کوئی بھی غیر دستخط شدہ دستاویز نہ قبول کریں۔

۴۔ ایکسچینج کے ٹریڈنگ سسٹم میں غلط، متضاد یا نامکمل معلومات کا اندراج نہ کریں۔

۵۔ پُرکشش اشتہارات، افواہوں، ہاٹ ٹپس یا یقینی منافع رمقررہ منافع کا وعدہ کر کے کلائنٹ کو متوجہ نہ کریں۔

۶۔ کلائنٹ کی جانب سے کسی بھی طریقہ سے صوابدیدی ٹریڈ نہ کریں۔

۷۔ کلائنٹ کی ذاتی آئی ڈی اور پاس ورڈ نہ حاصل کریں اور نہ استعمال کریں۔

۸۔ پبلک رانویسٹر سے مقررہ یا یقینی منافع کے عوض ڈپازٹ حاصل نہ کریں، کیونکہ یہ غیر قانونی سرگرمیوں اور پبلک کے ساتھ فراڈ کرنے کے مترادف ہے۔

# پی ایم ای ایکس کے ملازمین کے لیے ویکسینیشن لازمی شرط




کروناوائرس (کوویڈ-19) کی وبائی صورت حال نے معاشرے کو بُری طرح سے متاثر کیا ہے جس میں چھوٹی بڑی کمپنیاں اور وہاں کام کرنے والوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔ اس بحران کے دوران پاکستان بھی محفوظ نہیں رہ سکا۔ فی الوقت پاکستان کوویڈ-19 کی چوتھی لہر سے گزر رہا ہے۔

موجودہ حالات میں ویکسی نیشن ہی اس عالمی وبائی صورت حال سے بچاؤ کا ایک قابلِ بھروسہ ذریعہ ہے۔ جن لوگوں نے ویکسین نہیں لگوائی ہے، ان کو بیماری میں مبتلا ہونے کا سات گُنا زیادہ خطرہ ہے، بانسبت ان کے جن کو ویکسین لگائی جا چکی ہے۔

پی ایم ای ایکس ویکسی نیشن کی اہمیت کو مکمل طور پر سمجھتا ہے اور اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ جن لوگوں کی ویکسی نیشن ہو چکی ہے وہ پبلک ہیلتھ سسٹم میں نہ صرف کم بوجھ ہیں بلکہ حکومت کے معاشی عمل کو حسبِ معمول بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے حکومت کے ویکسی نیشن کے عمل کو تیز تر بنانے کی کوشش میں اپنے تمام ملازمین کے لیے یکم جولائی 2021ء تک ویکسین لگوانے کو لازمی قرار دیا ہے۔ فی الحال پی ایم ای ایکس کے تمام ملازمین حکومت کے بلا معاوضہ ویکسین لگوانے کی پیشکش سے مستفیض ہو چکے ہیں۔

ایکسچینج اس عہد پر برقرار ہے کہ ہیڈ آفس اور برانچوں میں کوویڈ-19 پروٹوکول پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے تاکہ اس وباء کے پھیلنے کے امکانات کو کم سے کم کیا جا سکے۔

# انویسٹر ایجوکیشن

پاکستان میں 2007 سے اب تک کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ میں تیزی سے نشو ونما ہوئی ہے۔ ان سالوں کے دوران کموڈٹی مارکیٹ کے ریگولیٹری، اسٹرکچرل اور آپریشنل طریقوں میں تبدیلیاں آئی ہیں جن کا مقصد مارکیٹ کو مؤثر بنانا، شفافیت لانا اور ٹریڈنگ کے غیر منصفانہ طریقوں کو روکنا ہے تاکہ پاکستان کی کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کو دنیا میں کام کرنے کے بہترین طریقوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔

اوپر بیان کردہ اہداف کو حاصل کرنے کے لیے پی ایم ای ایکس بطور ایک سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن (ایس آر او) اپنے بروکرز اور ان کے کلائنٹس کے لیے وقتاً فوقتاً ہدایت جاری کرتا رہتا ہے۔ اس شمارے میں ہم نے ان ہدایات کو شامل کیا گیا ہے جو کموڈٹی فیوچرز بروکرز سے متعلقہ ہیں۔

| عمل کریں |
|---|
| ۱۔ ایکسچینج کے ٹریڈنگ سسٹم میں ہمیشہ کلائنٹ کی رجسٹریشن کی دُرست اور پکی تفصیلات کو اندراج برقرار رکھیں اور کلائنٹ کی پیشگی منظوری کے بغیر کوئی تبدیلی نہ کریں۔ |
| ۲۔ کلائنٹس کے لیے کی گئی ٹریڈرز کی تصدیق 24 گھنٹوں کے دوران ان کو فراہم کر کے وصولیابی کی تصدیق حاصل کریں۔ |
| ۳۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کلائنٹس سے تمام مطلوبہ دستخط شدہ دستاویز وصول ہوگئی ہیں، جس میں اکاؤنٹ اوپننگ فارم اور خطرات کی نشاندہی کرنے والی دستاویز شامل ہیں۔ |
| ۴۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسٹمر کو جاننے اور کسٹمر کے حوالے سے احتیاط برتنے کو مناسب طور پر اینٹی منی لانڈرنگ قوانین اور ریگولیشنز/ ہدایات کے مطابق کیا گیا ہے۔ |
| ۵۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں دی گئی معلومات ہمیشہ تازہ ترین، مکمل اور دُرست ہیں۔ |
| ۶۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ٹیلیفون کے ذریعے دیئے گئے تمام آرڈرز اور کلائنٹس کے بذات خود دیئے گئے آرڈرز کو مناسب طور پر درج اور محفوظ کیا جائے۔ |
| ۷۔ رجسٹر ڈ دفاتر، مجاز افراد، برانچوں اور کلائنٹس کا مناسب ریکارڈ برقرار رکھیں۔ |
| ۸۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سرمایہ کاروں کی شکایتوں کے ازالہ کا نظام تمام جگہوں پر جہاں کاروباری لین دین ہوتا ہے جیسے ہیڈ آفس اور برانچز مہیا کیا گیا ہے۔ |
| ۹۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام مجاز افراد اور برانچز ایکسچینج کے ساتھ رجسٹر ڈ ہیں۔ |
| ۱۰۔ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان تمام کموڈٹی فیوچرز کنٹریکٹس کی فہرست جن کو ایکسچینج پر تجارت کی اجازت دی گئی ہے، نمایاں طور پر ہیڈ آفس اور برانچز میں ویزاں کی گئی ہے۔ |
| ۱۱۔ اس امر کو یقینی بنائیں کہ تمام مجاز افراد/ برانچز ، قوانین، قاعدو ضوابط، سرکلرز اور ہدایات جو ایکسچینج اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے جاری کئے ہیں، کی تمام متعلقہ دفعات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہیں۔ |
| ۱۲۔ اس کو یقینی بنائیں کہ بروکر کا نام، رجسٹریشن نمبر اور مجاز افراد کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ بمعہ برانچ معاملات کے شرائط وضوابط رجسٹر ڈ برانچز میں آویزاں کئے گئے ہیں۔ |
| ۱۳۔ کسی بھی اشتہار کو جاری کرتے وقت ایکسچینج کا متعینہ ڈسکلیمر ہمیشہ شامل کریں۔ |
| ۱۴۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ برانچز/ مجاز افراد کی جانب سے جاری ہونے والے اشتہار کی بروکر سے منظوری حاصل کر لی گئی ہے۔ |
| ۱۵۔ مجاز افراد کی تبدیلی کی اطلاع کم از کم 15 دن قبل ایکسچینج کو دیں۔ |
| ۱۶۔ مجاز افراد/ برانچز کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ |
| ۱۷۔ برانچ آپریشنز میں کسی بھی بے قاعدگی کو دیکھ کر فوری طور پر اس کو درست کریں یا مجاز افراد/ برانچ کی رجسٹریشن کو منسوخ کروائیں۔ |
| ۱۸۔ ملازمین اور مجاز افراد کی کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی کی سرگرمی کے بارے میں ہوشیار رہیں۔ |
| ۱۹۔ کسی بھی ضابطہ پر عمل درآمد میں درپیش دشواری کی وضاحت کے لیے پی ایم ای ایکس سے رجوع کریں۔ |

# فنٹیزا: کموڈٹی فیوچرز بروکرز کے لیے مارکیٹنگ انالیٹکس سلوشن

مارکیٹ کے شرکاء کوایک بہتر ٹریڈنگ کا تجربہ فراہم کرنے کے لیے جو بین الاقوامی معیار کے ہم پلہ ہو پی ایم ای ایکس نے کامیابی سے اپنا ٹریڈنگ سسٹم میٹا ٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) پر منتقل کر دیا ہے۔ یہ دُنیا بھر میں جانا پہچانا ملٹی فنکشنل ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہے۔

ایم ٹی 5 کے ساتھ فنٹیزا کی سہولت بھی ملتی ہے یہ ایک جدید، استعمال میں سہل اور مکمل مارکیٹنگ ڈیٹا انالیٹک سروس ہے جو کموڈٹی فیوچرز کے بروکرز کو میسر آتی ہے۔ یہ سروس وزیٹر کی تمام کارروائیوں جو ویب سائٹ کے پہلے وزٹ سے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانے یا واپس نکالنے کو ریکارڈ کرتی ہے۔ پی ایم ای ایکس کے بروکرز فنٹیزا کے ذریعے ان کارروائیوں پر نظر رکھ سکتے ہیں جیسے انہوں نے کلائنٹس کی وصولی کے لیے کتنی رقم خرچ کی تاکہ وہ اپنے ایڈورٹائزنگ بجٹ کو بہتر طور پر استعمال کر سکیں۔



بروکرز فنٹیزا کو درج ذیل کاموں کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:

**ویب سائٹ:** پی ایم ای ایکس کے بروکرز فنٹیزا کو اپنی ویب سائٹ سے لنک کر کے چند منٹوں میں ویب سائٹ وزٹ کرنے والوں کے بارے میں رئیل ٹائم معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

فنٹیزا دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ انالیٹیکل سروس اور ایڈورٹائزنگ انجن۔ انالیٹکس بروکرز کو اپنی ویب سائٹ وزٹ کرنے والوں کے بارے میں معلومات اکٹھی کرنے میں مدد دیتا ہے۔ استعمال کرنے والوں کا طرزِ عمل بتاتا ہے۔ ٹریفک کے معیار کے بارے میں بتاتا ہے۔ کمزوریوں کو ظاہر کرتا ہے اور غیر مؤثر ایڈورٹائزنگ کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس کے نتیجہ میں ایڈورٹائزنگ انجن بروکرز کو موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ آن لائن کمپیئن کو منظّم کر سکیں۔ بینرز تیار کر سکیں اور ایک انٹرفیس ملک کے لیے مطلوبہ اشتہار چلا سکیں۔

**میٹا ٹریڈر 5:** پی ایم ای ایکس کے بروکرز فنٹیزا میٹا ٹریڈر 5 ٹرمینل کے ساتھ منسلک کر سکتے ہیں۔ یہ رابطہ ٹریڈر انالیٹکس کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ جو پی ایم ای ایکس کے بروکرز کو ویب سائٹ وزٹ کرنے سے لے کر رقم جمع کرانے تک کی معلومات حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ بروکرز جان سکتے ہیں کہ ان کے کلائنٹس کہاں سے آئے، انھوں نے کون سے اکاؤنٹ کھولے اور ان میں کتنی رقم جمع کرائی۔ ان اعداد و شمار کو بنیاد بنا کر بروکرز اپنے مارکیٹنگ بجٹ کو بہتر طریقہ سے استعمال کر سکتے ہیں اور غیر مؤثر ٹریفک کو منقطع کر سکتے ہیں۔

پی ایم ای ایکس بروکر کو فنٹیزا سے درج ذیل فائدے حاصل ہوتے ہیں:

### 1 ۔مکمل انالیٹکس

فنٹیزا کی مدد سے بروکرز استعمال کرنے والوں کی مکمل کارروائی جان سکتے ہیں جس میں ویب سائٹ کے پہلے وزٹ سے لے کر اکاؤنٹ کھولنا اور رقم جمع کرانا شامل ہے۔ بروکر کے معلوم کر سکتے ہیں کہ ان کے کلائنٹس کہاں سے آئے، انہوں نے کون سے کام کیے اور اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع کرائی۔

### 2 ۔مؤثر ایڈورٹائزنگ

فنٹیزا بروکرز کے لیے غیر منافع بخش ایڈورٹائزنگ چینلز کی نشاندہی اور ان کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔ اس طرح بروکرز اپنے ایڈورٹائزنگ بجٹ میں 80% تک بچت کر سکتے ہیں، وہ بھی کارکردگی کے معیار میں کوئی سمجھوتہ کیے بغیر۔

### 3 ۔مسائل کی نشاندہی

کسٹمرز کے لیے خدمات کو بہترین بنانے کے لیے بروکرز اپنی ویب سائٹ کی کمزوریوں کی نشاندہی کر کے ان کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ فنٹیزا وہ معلومات فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے ویب سائٹ لوڈ ہونے کا ٹائم، ٹریفک والیوم اور باؤنس ریٹ کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ وزیٹر نے ویب سائٹ پر کتنا ٹائم گزارا۔

### 4 ۔کسٹمر کے بارے میں منفرد معلومات

فنٹیزا بتاتا ہے کہ ویب سائٹ وزٹ کرنے والا ٹریڈر رہے، اس کے علاوہ یہ بھی کہ اس کا تجربہ کیسا رہا اور اس کی ٹریڈنگ کی عادات کیا ہیں۔ بروکر منافع کمانے والے کلائنٹس کے طرزِ عمل کو جان سکتا ہے تاکہ کامیابی کی شرح کو بہتر بنایا جا سکے اور منافع میں اضافہ کیا جا سکے۔

### 5 ۔ٹریڈرز کو دوبارہ اپنانا

فنٹیزا کے ذریعے بروکرز وزیٹر کو ٹریڈر میں تبدیل کر کے اپنے منافع میں اضافہ کر سکتا ہے۔ بروکر آنے والے کو کسٹمر بنا کر سیل میں اضافہ کر سکتا ہے۔ سائٹ استعمال کرنے والوں کو لاتعلق کی جانے والی رجسٹریشن اور قابل ہدف پروموشنز کے میں بتا سکتا ہے۔ ان سب کے ذریعے بروکر اپنی رقم کی بچت کر کے اپنے منافع میں اضافہ کر سکتا ہے۔

# پی ایم ای ایکس میں جی سی ٹی پی پر ویب نار کا انعقاد

پی ایم ای ایکس نے آئندہ تین مہینوں کے دوران مستقبل میں متعارف کیے جانے والے گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی سی ٹی پی ) کے بارے میں ویب نارز منعقد کرنے کا اعلان کیا تا کہ کموڈٹی پروڈیوسرز اور سیلرز میں آگاہی بڑھائی جا سکے۔ یہ سیریز اس ای کامرس پلیٹ فارم کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے ہے جس کے ذریعے وہ مقامی کموڈٹیز بین الاقوامی خریداروں کو بیچ سکتے ہیں۔

اس سلسلہ میں پہلا پروگرام 27 جولائی 2021ء کو منعقد کیا گیا اس میں جی سی ٹی پی پر ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی جس کے بعد سوال وجواب کا سیشن ہوا۔اس پروگرام میں کموڈٹی پروڈیوسرز اور سیلرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور بحث کے دوران بھرپور حصہ لیا۔شرکاء کو بتایا گیا کہ جی سی ٹی پی پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو ملک کا واحد کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج اور ایک قومی ادارہ ہے۔ یہ کموڈٹیز کی خرید وفروخت کے لیے ایک ای۔کامرس پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔

یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم کموڈٹیز پیدا کرنے والوں کو مقامی کموڈٹیز بین الاقوامی خریداروں کو بیچنے میں مدد دے گا۔ایکسپورٹ پروسس کو مکمل کرے گا اور یہ سہولت 'ون ونڈو' آپریشن کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔ ادارہ خریداروں/بیچنے والوں کے درمیان تجارتی معاہدوں۔ معیار کی تصدیق، کسٹمز انسپیکشن اور کلیئرنس، مرین انشورنس اور دنیا بھر میں کہیں بھی ترسیل اور ادائیگی کے باہم مربوط سسٹم کے ذریعے کسٹمرز کو بھرپور سہولیات فراہم کی جائیں گی۔پاکستان میں پہلی بار جی سی ٹی پی کے ذریعے بیچنے والوں کو موقع فراہم کیا جائے گا کہ وہ اپنی کموڈٹیز دنیا بھر میں کہیں بھی بیچ سکیں اور فوری ادائیگی حاصل کریں۔وہ بھی بغیر ایکسپورٹر رجسٹر ہوئے۔ بیچنے والوں کو برآمد کی دستاویز بھی تیار نہیں کرنا پڑیں گی۔یہ ذمہ داری ان کے لیے جی سی ٹی پی ادا کرے گا۔مزید برآں جی سی ٹی پی پر اپنی پراڈکٹس کی لسٹنگ کے ذریعے بیچنے والے اپنی پراڈکٹس نئی مارکیٹس میں بیچ سکیں گے اور دنیا بھر سے خریداروں کی توجہ حاصل کرسکیں گے۔

مزید برآں بیچنے والوں کے لیے کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کو منافع بخش بنانے کے لیے جی سی ٹی پی ایک مراعات یافتہ لوگوں کا کلب بھی بنائے گا۔اس پروگرام کے تحت 5 مختلف کٹیگریز میں لوگوں کو ان کی کارکردگی کی بنیاد پر تقسیم کیا جائے گا اور ان کو خصوصی مراعات اور فوائد مہیا کیے جائیں گے۔ جتنی بلند ممبرشپ کی رینکنگ ہوگی اتنی ہی زیادہ مراعات بیچنے والوں کو ملیں گی۔

جی سی ٹی پی پر کموڈٹیز کی طویل لسٹ ہوگی جس میں زرعی اور غیر زرعی کموڈٹیز ٹریڈنگ کے لیے مہیا کی جائیں گی اور کموڈٹیز کو مرحلہ وار متعارف کرایا جائے گا۔پہلے مرحلہ میں چاول، گوار گم، گلابی نمک، کھجوریں، آم، آڑو اور امرود کا پلپ، ماربل، جپسم، آئرن، برائیٹ اور میگنا سائٹ ٹریڈنگ کے لیے پیش کی جائیں گی۔

جی سی ٹی پی پاکستان کی تاریخ میں ایک منفرد پیشکش ہے جس کی بنیاد ڈیجیٹلائزیشن پر ہے جو کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کو خوشگوار بنائے گا۔جی سی ٹی پی کموڈٹی ٹریڈرز کی ایک نئی کمیونٹی کی پاکستان میں تشکیل کرے گا جو ڈیجیٹل ماڈل کے ذریعے انہیں اپنی کموڈٹیز غیر ملکی خریداروں کو بیچنے میں مدد دے گا۔ان کمیونٹیز کے لیے ممکن ہوگا کہ وہ آن لائن جا کر اس پلیٹ فارم کے ذریعے آن لائن فروخت کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں اور دنیا بھر میں کہیں بھی موجود نئے خریداروں تک رسائی حاصل کرسکیں۔



# پی ایم ای ایکس کا بروکرز کے لیے ریگولیٹری آگاہی سیشن

پی ایم ای ایکس نے بروز جمعرات 27 مئی 2021ء ایک ریگولیٹری آگاہی سیشن بروکرز کے لیے منعقد کیا۔ایک گھنٹہ دورانیہ کا یہ آگاہی پروگرام بروکرز میں ریگولیٹری کمپلائنس کی ضروریات سے متعلق تھا جو فیوچرز بروکرز (لائسینسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2018ء پر بھرپور عمل درآمد کے لیے ضروری ہے۔طارق صبیح، سینئر منیجر، ریگولیٹری آفیسر نے سامعین کو پی ایم ای ایکس کے ریگولیٹری فریم ورک، لائسنسنگ کی ضروریات اور کموڈٹی فیوچرز کے لیے موجودہ ضابطۂ اخلاق کے ساتھ اکاؤنٹنگ اور آڈٹ کی اہمیت کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔ اس پروگرام کا خاتمہ سوال اور جواب کے سیشن کے بعد ہوا۔

## ڈیجیٹل پیمنٹ پلیٹ فارم کا تعارف

اس وقت ایکسچینج ڈائریکٹ فنڈز ماڈل (ڈی ایف ایم) کے تحت براہِ راست رقم کلائنٹس سے وصول کرتا ہے اور اسی طرح ان کے اکاؤنٹ میں واپس کی جاتی ہے جس میں بروکر کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ ڈی ایف ایم کلائنٹس کو اپنے اثاثہ جات پر بروقت مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے اور بروکر کے کردار کو بنیادی سہولت فراہم کرنے تک محدود کرتا ہے تا کہ وہ موجودہ کلائنٹس کو خدمات فراہم کریں اور نئے بزنس کے حصول کے لیے کام کریں۔ فی الحال ڈی ایف ایم مکمل طور پر آٹو میٹک نہیں ہے جس کی وجہ سے فنڈز کی کلیکشن اور ادائیگی میں زیادہ وقت لگتا ہے۔

ڈی ایف ایم کو بہتر بنانے کے لیے تا کہ وہ تیز اور بلا رُکاوٹ تجربہ فراہم کر سکے اور رقم کی وصولی اور ادائیگی کو بہتر بنایا جا سکے ایکسچینج نے کلاؤڈ ایسٹ کے تعاون سے ایک باہم مربوط ڈیجیٹل پیمنٹ پلیٹ فارم متعارف کرایا ہے۔ یہ پلیٹ فارم ڈیجیٹل پیمنٹ کی سہولت فراہم کرے گا جو مارکیٹ کے شرکاء کو اس قابل بنائے گا کہ وہ رئیل ٹائم کی بنیاد پر اپنی ٹرانزیکشنز مکمل کر سکیں، وہ بھی انتہائی سہولت کے ساتھ۔ ڈیجیٹل پیمنٹ پلیٹ فارم کو ڈی ایف ایم سے مربوط کرنے کا کام مکمل ہو چکا ہے اور جلد ہی کلائنٹس کو یہ سہولت میسر آ جائے گی۔

## کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی

ایکسچینج ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی پھیلانے کے لیے براہِ راست خود اور ریگولیٹرز اور بروکرز کے تعاون سے کام کر رہا ہے۔ اس سلسلہ میں ایکسچینج باقاعدگی سے سیمینارز، ورکشاپس اور ویب نارز ملک بھر میں تجارتی اور تعلیمی اداروں اور ٹریڈ باڈیز کے لیے منعقد کرتا ہے۔

## ملک بھر میں پی ایم ای ایکس کے بروکرز کی موجودگی

اپنے رٹیل انویسٹرز کی تعداد میں اضافہ کے ہدف کے حصول کے لیے پی ایم ای ایکس ملک بھر میں اپنے بروکرز کی موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ اس سلسلہ میں ایکسچینج بروکرز کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے کہ وہ کلائنٹس کی آن لائن اکاؤنٹ کھولنے میں نئی شراکت بنائیں۔ اس سے ایکسچینج کو ملک بھر میں اپنے بروکرز کی موجودگی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی اور ان کو اس قابل بنایا جا سکے گا کہ وہ مختلف قسم کے انویسٹرز کی ضروریات کو پورا کر سکیں۔

## پی ایم ای ایکس میں دو مراحل پر مشتمل تصدیقی نظام کا تعارف

پی ایم ای ایکس اپنے بروکرز اور ان کے کلائنٹس کی جانب سے کی جانے والی تمام آن لائن ٹرانزیکشنز کی حفاظت کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھتا ہے۔ اس لیے ایکسچینج نئے سیکورٹی ٹولز اور فیچرز کی تیاری میں سرمایہ کاری کرتا رہتا ہے تا کہ ان سے متعلق ذاتی انفارمیشن، جس میں پاس ورڈز شامل ہیں کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔
یوزر اکاؤنٹ کی سیکیورٹی کو مزید محفوظ بنانے کے لیے پی ایم ای ایکس نے دو مراحل پر مشتمل ایک بیک آفس تصدیقی نظام متعارف کرایا ہے۔ جس نے 28 جون 2021 سے کام شروع کر دیا ہے۔ یہ ایک نہایت سہل اور موثر سیکیورٹی فیچر ہے۔ یہ لاگ ان پراسس میں ایک اور حفاظتی تہہ متعارف کراتا ہے اب پی ایم ای ایکس بیک آفس ایپلیکیشن میں کسی بھی قسم کے غیر متعلقہ لوگوں کی رسائی کو روکا جا سکے گا۔ اب ان کو روایتی چیکس کے ساتھ نئے چیکس کو پورا کرنا ہوگا۔ دوسرے مرحلے میں ان کو ون ٹائم پاس ورڈ (او ٹی پی) کا استعمال کرنا ہوگا جو ان کو بذریعہ ای میل اور ایس ایم ایس بھیجا جائے گا۔

# پی ایم ای ایکس کی رٹیل انویسٹرز بڑھانے کی کوشش

روزِاوّل سے ایکسچینج کی کوشش ہے کہ پی ایم ای ایکس کو ایک گھریلو نام بنایا جائے۔اس ہدف کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایکسچینج کی انتھک کوشش ہے کہ ملک میں ایک مؤثر اور متحرک کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ قائم کی جائے جو مختلف النوع سرمایہ کاروں کی ضرورت کو پورا کر سکے جو رٹیل اور انسٹیٹیوشنل سرمایہ کاروں پر مشتمل ہے۔ ایکسچینج اس بات سے مکمل آگاہ ہے کہ وسیع مارکیٹ میں رٹیل انویسٹرز کی بھرپور شرکت مارکیٹ کو زیادہ مستحکم بناتی اور لیکویڈٹی کی فراہمی کو بہتر بناتی ہے۔اس لیے ایکسچینج نے رٹیل انویسٹرز کی موجودگی بڑھانے اور ان کی کموڈٹی مارکیٹ میں براہِ راست شمولیت کے لیے بھرپور کوشش جاری رکھی ہے۔



اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے پی ایم ای ایکس مختلف النوع منصوبوں پر کام کر رہا ہے جس میں:

1۔انویسٹرز فرینڈلی پراڈکٹس کا تعارف

2۔آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت

3۔ڈیجیٹل پیمنٹ پلیٹ فارم کا تعارف اور

4۔ملک بھر میں پی ایم ای ایکس کے بروکرز کی موجودگی کو یقینی بنانا شامل ہیں۔

## انویسٹرز فرینڈلی پراڈکٹس کا تعارف

پی ایم ای ایکس کی جہد مسلسل ہے کہ مارکیٹ کو وسعت دی جائے اور مارکیٹ کے شرکاء کو نئے مواقع فراہم کیے جائیں، گذشتہ سالوں میں ایکسچینج نے اپنے پراڈکٹس کے مجموعے میں نئی پراڈکٹس کی لسٹنگ سے وسعت پیدا کی ہے جس میں میٹلز، انرجی، انڈیکس، کرنسیز اور زرعی مصنوعات شامل ہیں۔ان کموڈٹیز میں باقاعدگی سے بین الاقوامی ایکسچینجز میں ٹریڈنگ کی جاتی ہے جو مقامی کموڈٹیز کے علاوہ ہے ان اقدامات نے مارکیٹ کے شرکاء کے اعتماد میں اضافہ کیا ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کی ہے کہ وہ ایکسچینج پر باقاعدگی سے ٹریڈنگ کریں۔

انویسٹرز کی تعداد میں اضافہ کے لیے پی ایم ای ایکس کی خصوصی توجہ ہے کہ رٹیل انویسٹرز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔اس سلسلہ میں ان پراڈکٹس کی لسٹنگ کی طرف خصوصی توجہ دی جارہی ہے جس میں رٹیل انویسٹرز گہری دلچسپی لیتے ہیں۔مزید برآں ایکسچینج کی بھرپور کوشش ہے کہ اپنے سسٹمز اور کام کرنے کے طریقوں کو مزید بہتر بنائے تاکہ رٹیل انویسٹرز انتہائی سہولت کے ساتھ سرمایہ کاری کر سکیں۔

انویسٹرز کی تعداد میں اضافہ کے لیے پی ایم ای ایکس گولڈ کی فزیکل ٹریڈنگ بڑھانے کی طرف خصوصی توجہ دے رہا ہے۔اس سلسلہ میں شرائط وضوابط کو آسان بنانے کی کوشش کی جارہی ہے تاکہ سرمایہ کار سونے کو بطور مالیاتی اثاثہ استعمال کر سکیں۔اس کے ساتھ ساتھ پی ایم ای ایکس مارکیٹ ٹریژری بلز (ٹی بلز) متعارف کرانے کے لیے کام کر رہا ہے۔

گورنمنٹ سیکیورٹیز بالخصوص ٹی بلز میں سرمایہ کاری رٹیل انویسٹرز کے لیے انتہائی محفوظ تصور کی جاتی ہے کیونکہ یہ خطرات سے آزاد ہوتی ہے۔اس کی خرید وفروخت آسان ہوتی ہے اور مالیاتی ادارے اس کو قابل رہن قرار دیتے ہیں۔

ایکسچینج کو یقین ہے فزیکل گولڈ اور ٹی بلز کی اس کے پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے ذریعے بروکرز سرمایہ کاروں کی ایک بہت بڑی تعداد کی ضرورت پوری کر سکیں گے۔مزید برآں سرمایہ کاروں کو مواقع میسّر ہوں گے کہ وہ اپنے انویسٹمنٹ پورٹ فولیو کو متنوع بنا سکیں۔

## آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت

ایکسچینج کو یقین ہے کہ ملک میں ڈیجیٹلائزیشن رٹیل انویسٹرز کی مارکیٹ میں شمولیت کو سہل بنائے گی۔اس لیے پی ایم ای ایکس اکاؤنٹ کھولنے کو آسان بنا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں ایکسچینج نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (این سی سی پی ایل) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت فراہم کی جا سکے۔یہ سہولت انویسٹرز کو موقع فراہم کرے گی کہ وہ ملک بھر میں کہیں سے بھی بغیر کاغذات جمع کرائے یا بروکر کے آفس جائے بغیر اپنا اکاؤنٹ کھول سکیں۔

یہ آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کا نظام ایک محفوظ، تیز اور بلارُکاوٹ تجربہ فراہم کرتا ہے۔اس سے رٹیل انویسٹرز کے اعتماد میں اضافہ ہوگا، ان کی حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ ٹیکنالوجی کا استعمال کریں اور مالیاتی نظام میں اپنی شمولیت کو یقینی بنائیں۔

# مندرجات


| | |
|---|---|
| ۱ | پی ایم ای ایکس کی رٹیل انویسٹرز بڑھانے کی کوشش |
| ۲ | پی ایم ای ایکس میں دو مراحل پر مشتمل تصدیقی نظام کا تعارف |
| ۳ | پی ایم ای ایکس میں جی سی ٹی پی پر ویب نار کا انعقاد |
| ۴ | پی ایم ای ایکس کا بروکرز کے لیے ریگولیٹری آگاہی سیشن |
| ۵ | فنٹیزا: کموڈٹی فیوچرز بروکرز کے لیے مارکیٹنگ انالیٹکس سلوشن |
| ۶ | انویسٹر ایجوکیشن |
| ۷ | پی ایم ای ایکس کے ملازمین کے لیے ویکسنیشن لازمی شرط |
| ۸ | سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز |
| ۹ | دس سرفہرست بروکرز |
| ۱۰ | پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں |
| ۱۱ | اشیا کی قیمتوں کا رجحان |



## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

**ہیڈ آفس:** 3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان
کراچی: 623-623-111 (92-21+)
فیکس: 022-35155 (92-21+)
ای میل: info@pmex.com.pk

**اسلام آباد آفس:** آفس نمبر جی۔۹ (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو، بلو ایریا، اسلام آباد، پاکستان
اسلام آباد: 4-2894003 (92-51+)

**لاہور آفس:** آفس نمبر 01 ،P2 فلور، علی ٹاور، 105-B2 ، ایم-ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان
لاہور: 6-35752825 (92-42+)

کسٹمر سپورٹ سروسز
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

# پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔



ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلئیرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئ گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروژین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔

## اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن: d.Studio
پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

شمارہ ۳۰ اپریل-جون ۲۰۲۱

# پلس

نیوزلیٹر




YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE

PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE
PMEX